## سوال

زناکسے کہتے ہیں؟

## جواب

زناکسے کہتے ہیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرے سوال کے تین حصے ہیں، جواب اورہدایت کا طلبگار ہوں۔ ۱۔ زناکسے کہتے ہیں؟ ۲۔ کسی شادی شدہ مرد نے کسی شادی شدہ عورت کو باہمی رضامندی سے نیم برہنہ کیا، دونوں نے ناف سے لیکراوپر والے مکمل حصے پر غیر اخلاقی حرکات کیں، کیا اس مرد یا عورت پر زنا کی فرد عائد ہوتی ہے؟ ۳۔ شادی شدہ مرد کی کسی شادی شدہ عورت سے باہمی رضامندی سے فون پر یا روبرو فحش باتیں کرنے پر کیا سزا تجویز ہوگی؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اللہ تمام مسلمانوں کوہدایت عطا فرمائے، آپ کے سوالوں کے جواب ترتیب وار درج ذیل ہیں۔ ۱۔ ایک مرد اور ایک عورت، بغیر اس کے کہ ان کے درمیان جائز رشتۂ زن وشوہو، باہم (یعنی مرد اپنے عضوتناسل کو عورت کی شرم گاہ میں داخل کرتے ہوئے) مباشرت کا ارتکاب کریں، "۔ زنا کہلاتا ہے۔ ۳،۲۔ سوال کے مطابق آخری دونوں صورتیں زنا نہیں ہیں، ان پر زنا کی حدلاگو نہیں ہوگی۔ ہاں البتہ یہ عمل بھی کبیرہ گناہوں میں سے ایک گناہ ہے، جس پر اللہ تعالی سے توبہ کرنی چاہیئے، اوراپنے اس گناہ کی معافی مانگنی چاہیئے۔ اور کثرت سے نیکیوں کا اہتمام کرنا چاہیئے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث